سوال

(584)ایک چیزایک مسجد خاص کے نام سے وقف الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک چیزایک مسجد خاص کے نام سے وقف اور رجسٹرڈ بھی ہوگئی ہے۔ اگر کوئی شخص کے جس کے پاس اس ملک میں وقف شدہ کے کاغذات وغیرہ اس کو معتمد سمجھ کر رکھ دیئے جایئں اور پھر وہ شخص معتمد اس میں خائن ہو۔ یا ایسی ملک کو کسی دوسری مسجد یا مدرسہ میں اپنی خود غرضی نام آوری ریا کاری کی غرض سے خرچ کرے۔ اور جس مسجد کے نام سے رجسٹر ہے۔ جب اس مسجد کے والی اس سے اس ملک وقف شدہ کا حساب آمد وخرچ طلب کریں۔ تو حیلے حوالے کردے۔ اور اس کے غبن کی وجہ سے نت نئے فتنے برپا کرے۔ تو ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے شخص کو تولیت سے علیحدہ کیا جاسکتا ہے۔ اس کی جگہ کوئی دیانت دار مقرر کیا جاوے۔ اس کا فیصلہ کوئی منتظمہ جماعت ہو تو کرے۔ یا جج سے کرایا جائے اس کے سوا ناطق نہ ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 552